


سبق - 22

# کپٹّی میاؤں

(نون غنّہ)



SCERT TELANGANA



## سنیے - بولیے

(الف) تصویر کے بارے میں طلبا سے گفتگو کی جائے۔

1۔ بلّی کہاں بیٹھی ہے؟

2۔ باورچی خانہ میں کون سی چیزیں ہیں؟

3۔ کیا آپ نے کبھی بلّی پالی ہے؟

4۔ بلّی کیا کھاتی ہے؟

5۔ کیا آپ کو چوہے اور بلّی سے ڈر لگتا ہے۔ کیوں؟

(ب) آیئے اب ہم ایک نظم سناتے ہیں۔ (معلم یہ نظم ترنم اور اداکاری کے ساتھ پڑھیں)


بلّی خالہ گئی وہاں    چوہے ماموں چُھپے جہاں
دیکھ کے چوہا بولا یوں    جب تو جائے میں آؤں
ناچوں کودوں دھوم مچاؤں    کھیل تماشے میں دکھلاؤں
مجھ سے پردہ کرتے کیوں    اتنا مجھ سے ڈرتے کیوں
چوہا بولا میں مرجاؤں    تو ہے بلّی کپٹی میاؤں


(ج) بچوں کو یہ نظم ترنم و اداکاری کے ساتھ پڑھنے کے لیے کہیں اور اس کے بارے میں چند سوالات کریں۔



## پڑھیے

(الف) طلبا سے ان تصویروں کے نام کہلوائیں۔








طلبا کو نون کی دو حالتوں سے واقف کروائیں۔ یعنی ایک وہ جس کی آواز پوری ادا ہو۔ جیسے گمان، امان
دوسرے جس کی آواز پوری ادا نہ ہو بلکہ ناک میں گنگنی سی آواز نکلے۔ جیسے کنواں، سانپ وغیرہ۔

(ب) دیئے گئے حروف جوڑ کر الفاظ پڑھوائیے اور 'ں' کی آواز سے واقف کروائیے۔

س + ا + ن + پ = ____________

ر + و + ا + ں = ____________

پ + ت + ن + گ = ____________

ج + ہ + ا + ں = ____________

SCERT TELANGANA

(ج) ان لفظوں کو روانی سے پڑھوایئے۔

یہاں　کہاں　وہاں　اونٹ　دانت　آنکھ

جواں　مکاں　دھواں　آنچ　سانپ　باندی

ملیں　کھیلیں　پہنیں　کانچ　رنگ　میداں

گلیاں　کلیاں　خوشیاں

(د) نون غنّہ کی شناخت کرواتے ہوئے جملے پڑھوایئے۔

بلّی میاؤں میاؤں کرتی ہے۔　چڑیا چوں چوں کرتی ہے۔　کوّا کائیں کائیں کرتا ہے۔

طوطا ٹیں ٹیں کرتا ہے۔　بکری میں میں کرتی ہے۔

(ھ) حسب ذیل جانوروں اور پرندوں کے نام پڑھوایئے اور ان کی آوازوں کی نقل کروایئے۔

- بکری　- گھوڑا　- مرغا　- بلّی
- کتّا　- کوّا　- چڑیا　- بھینس



لکھیے

(الف) دیئے گئے الفاظ صاف خط میں لکھوایئے۔

جہاں　یہاں　وہاں　ہاں　کانچ　آندھی

جواں　آشیاں　کلیاں　ماں　کانپ　آنچ

SCERT TELANGANA

(ب) حروف کو جوڑ کر نون غنّہ کے الفاظ بنوائیے۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دھوا | ما | پاؤ | گاؤ | جاؤ | کیو | یو | سا | کا | آ |

| | | |
|---|---|---|
| نپ | ں | نچ |

مثال: پاؤں

←  ______  ←  ______
←  ______  ←  ______
←  ______  ←  ______
←  ______  ←  ______
←  ______  ←  ______

(ج) مناسب جملے بنوائیے۔

| | |
|---|---|
| دھواں | سہانا ہے۔ |
| کنواں | دور ہے۔ |
| وادیاں | اُٹھ رہا ہے۔ |
| گاؤں | گہرا ہے۔ |
| سماں | ہری بھری ہیں۔ |
| سانچ | زہریلا ہے۔ |
| سانپ | کو آنچ نہیں۔ |

مثال: دھواں اُٹھ رہا ہے۔

- ______
- ______
- ______
- ______
- ______
- ______
- ______

SCERT TELANGANA


(د) ان حروف کی مدد سے ایسے الفاظ لکھوایئے جن میں نون غنّہ استعمال ہو۔

| | | |
|---|---|---|
| ک | پ | ج |
| ______ | ______ | ______ |
| و | م | ہ |
| ______ | ______ | ______ |



سوچیے

طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21